مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

مارچ/2026ء

فَمَنۡ شَهِدَ مِنۡكُمُ الشَّهۡرَ فَلۡيَصُمۡهُ
(البقرۃ:186)

اس شمارہ میں خاص

- عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہرگز - یہ تو خود اندھی ہے گر نیّر الہام نہ ہو
- تجوید کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی اہمیت
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اپنی عزیز جماعت سے دردمندانہ توقعات



مجلس خدام الاحمدیہ کرناٹک و کیرالہ کی طرف سے پروگرام ” grill your doubts, ignite your faith - 2 “ کا انعقاد

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی جانب سے قادیان دارالامان میں لوکل و ضلعی قائدین کے لیے منعقدہ بون فائر سیشن نے خلافت کے ساتھ عہدِ وفا کو مزید مضبوط کیا

مجلس خدام الاحمدیہ یادگیر، کرناٹک کی طرف سے Masroor Box Cricket Tournament کا انعقاد

مجلس خدام الاحمدیہ غنچہ پاڑا اوڈیشہ کی طرف سے وقارِ عمل کا انعقاد

مجلس خدام الاحمدیہ چنتہ کنٹہ، تیلنگانہ کی طرف سے وقارِ عمل کا انعقاد

ماہنامہ

از قادیان دارالامان

مشکوٰۃ

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا ترجمان

فہرست مضامین

اداریہ	2
قرآن کریم / انفاخ النبی ﷺ	3
کلام الامام المہدیؑ / امام وقت کی آواز	4
خلاصہ خطبہ جمعہ بیان فرمودہ مورخہ 4/ جولائی 2025ء	5
تجوید کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی اہمیت	8
حضرت مسیح موعودؑ کی اپنی عزیز جماعت سے دردمندانہ توقعات	10
عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہرگز - یہ تو خود اندھی ہے گر نیر الہام نہ ہو	13
قبولیت دعا کے 7 اصول	16
گوشۂ ادب	17
بنیادی مسائل کے جوابات	18
فتاویٰ حضرت مصلح موعودؓ	22
Diary Dose	23
بزم اطفال	24
ملکی رپورٹس	25
Health & Fitness	26
سائنس کی دنیا	27
Why Escalating Global Tensions Matter to Us	30
The Physical Wisdom behind Fasting in the Blessed month of Ramadan	34
Summary of the Friday Sermon	40

مارچ 2026ء

رمضان، شوال 1447 ہجری قمری

امان 1405 ہجری شمسی

نگران

نیاز احمد نائک

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

ایڈیٹر

نیاز احمد نایک

نائب ایڈیٹر

فواد احمد ناصر، احسان علی اوکے

مصور احمد مسرور

مینیجر

مدثر احمد گنائی

مجلس ادارت

بلال احمد آہنگر، مرشد احمد ڈار،

سید گلستان عارف

مقام اشاعت

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

سالانہ بدل اشتراک

اندرون ملک: 220 روپیہ، بیرون ملک :: 150 $

قیمت فی پرچہ: 20 روپیہ

Printed and Published by Mohammad Nooruddin M.A, B.Lib and owned by Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, Qadian and Printed at Fazl e Umar Printing Press, Harchowal Road, Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India and Published at Office Majlis Khuddam-ul-Ahmadiyya Bharat, P.O Qadian, Dist-Gurdaspur, 143516, Punjab, India. Editor: Niyaz Ahmad Naik

اداریہ

اسلامی تعلیمات کی رو سے انسان کو اشرفُ المخلوقات کا درجہ عطا کیا گیا ہے۔قرآنِ کریم میں بارہا اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ زمین و آسمان کی بے شمار نعمتیں انسان کے لیے مسخر کی گئیں۔گویا اس کائنات کی ہر شے—چاہے وہ اللہ تعالیٰ کی قائم و دائم رحمتوں کے سرچشمے ہوں یا زمانۂ حاضر کی جدید ایجادات—بالآخر انسان کی خدمت اور اس کی فلاح کے لیے ہیں۔

یہی اصول ہمیں عصرِ حاضر کی سائنسی ترقیات کو دیکھنے کا صحیح زاویہ فراہم کرتا ہے۔ٹیکنالوجی بذاتِ خود مقصد نہیں بلکہ ذریعہ ہے۔اس کی قدر و قیمت کا تعین اس بات سے ہوتا ہے کہ اسے کس نیت اور کس سمت میں استعمال کیا جاتا ہے۔موجودہ دور کی اہم ترین ایجادات میں سے ایک مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) ہے، جو انسانی زندگی کے تقریباً ہر شعبہ پر اثر انداز ہو رہی ہے۔

اسلام ہمیں یہ تعلیم دیتا ہے کہ انسان زمین پر اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہے۔اس حیثیت سے اسے اختیار بھی دیا گیا ہے اور جوابدہی بھی۔ لٰہذا مصنوعی ذہانت جیسی طاقتور ٹیکنالوجی اگر تعلیم، صحت، غربت کے خاتمہ، عدل کے قیام اور انسانیت کی عمومی بھلائی کے لیے استعمال ہو تو یہ انسان کے مقامِ اشرفیت کا مظہر ہے۔لیکن اگر یہی ٹیکنالوجی ناانصافی، استحصال، اخلاقی انحطاط یا بے اعتدالی کا ذریعہ بن جائے تو یہ اس امانت میں خیانت ہوگی جو انسان کے سپرد کی گئی ہے۔

اسی تناظر میں فروری ۲۰۲۶ میں نئی دہلی کے Bharat Mandapam میں منعقد ہونے والی انڈیا-اے آئی امپیکٹ سمٹ ۲۰۲۶ خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ وزیر اعظم ہند Narendra Modi کی جانب سے اعلان کردہ اس عالمی اجلاس کا مقصد یہ بیان کیا گیا ہے کہ مصنوعی ذہانت کو انسانیت کی فلاح، عالمی مساوات اور پائیدار ترقی کے لیے بروئے کار لایا جائے۔اس سمٹ کے رہنما اصول—انسان (People)، سیارہ (Planet) اور ترقی (Progress)—درحقیقت اسی متوازن سوچ کی عکاسی کرتے ہیں جس کی تعلیم اسلام صدیوں پہلے دے چکا ہے: یعنی انسان کی تکریم، زمین کی حفاظت اور اجتماعی بھلائی۔

اسلام دین اور دنیا کے درمیان کوئی تضاد نہیں دیکھتا بلکہ دونوں کو ایک مربوط نظام کے طور پر پیش کرتا ہے۔اگر مصنوعی ذہانت کو دینی علوم کی اشاعت، قرآنِ کریم اور حدیث کی تحقیق، زبانوں کے تحفظ اور دعوتِ دین کے فروغ کے لیے استعمال کیا جائے تو یہ ایک عظیم نعمت ثابت ہوسکتی ہے۔اسی طرح دنیاوی میدانوں میں اس کا مثبت استعمال معاشرتی عدل اور ترقی کو فروغ دے سکتا ہے۔

پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ہر نئی ایجاد کو اسلامی اخلاقیات کے تابع رکھیں۔ چونکہ انسان اشرفُ المخلوقات ہے، اس لیے تمام وسائل اس کی خدمت کے لیے ہیں، اور وہ خود اپنے خالق کے حضور جوابدہ ہے کہ ان وسائل کو کس راہ میں صرف کرتا ہے۔

آج کا دور ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ ترقی کی دوڑ میں اخلاقی اقدار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک علم کے ساتھ تقویٰ اور طاقت کے ساتھ ذمہ داری وابستہ رہے گی، تب تک ہر نئی ایجاد انسانیت کے لیے رحمت ثابت ہوگی۔

اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کو سائنسی مہارت کے ساتھ اخلاقی بصیرت سے بھی آراستہ کریں۔تعلیمی اداروں، جامعات اور تحقیقی مراکز کو چاہیے کہ وہ ٹیکنالوجی کی تعلیم کے ساتھ کردار سازی کو بھی اپنی ترجیحات میں شامل کریں۔مصنوعی ذہانت کے میدان میں تحقیق و ترقی یقیناً وقت کی اہم ضرورت ہے، مگر اس تحقیق کا رخ انسان دوستی، شفافیت اور انصاف کی طرف ہونا چاہیے۔ اگر پالیسی ساز، علما، سائنس دان اور معاشرتی رہنما باہمی مشاورت سے رہنما اصول مرتب کریں تو ٹیکنالوجی بے قابو طاقت کے بجائے ایک منظم اور مفید وسیلہ بن سکتی ہے۔

سلیق احمد نائک

اَلْقُرْاٰنُ الْكَرِيْمُ



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (البقرۃ آیت 184)

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر (بھی) روزوں کا رکھنا (اسی طرح) فرض کیا گیا ہے جس طرح ان لوگوں پر فرض کیا گیا تھا جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں تاکہ تم (روحانی اور اخلاقی کمزوریوں سے) بچو۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے مسلمانو! تم ہوشیار ہو جاؤ ہم تم پر روزے فرض کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی تمہیں بتادیتے ہیں کہ روزے پہلی قوموں پر بھی فرض کئے گئے تھے۔ اور انہوں نے اس حکم کو اپنی طاقت کے مطابق پورا کیا تھا اگر تم اس حکم کو پورا کرنے میں سستی دکھاؤ گے تو وہ قومیں تم پر اعتراض کریں گی اور کہیں گی کہ ہمیں بھی خدا تعالیٰ نے روزوں کا حکم دیا تھا اور ہم نے اُسے پورا کیا اب تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں تو تم اس حکم کو صحیح طور پر ادا نہیں کر رہے۔ غرض مسلمانوں کی غیرت اور ہمت بڑھانے کے لئے یہ کہا گیا ہے کہ روزے صرف تم پر ہی فرض نہیں کئے گئے بلکہ پہلی قوموں پر بھی فرض کئے گئے تھے۔ اور ان قوموں نے اپنی طاقت کے مطابق اس حکم کو پورا کیا تھا۔

(تفسیر کبیر جلد 3 صفحہ 160-161)

إِنْفَاخُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ. أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا حِينَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ يَقُولُ مَنْ يَدْعُونِي فَأَسْتَجِيبَ لَهُ مَنْ يَسْأَلُنِي فَأُعْطِيَهُ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِي فَأَغْفِرَ لَهُ (صحیح بخاری حدیث نمبر: 1145)

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارا پروردگار بلند برکت والا ہے ہر رات کو اس وقت آسمان دنیا پر آتا ہے جب رات کا آخری تہائی حصہ رہ جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے کوئی مجھ سے دعا کرنے والا ہے کہ میں اس کی دعا قبول کروں، کوئی مجھ سے مانگنے والا ہے کہ میں اسے دوں کوئی مجھ سے بخشش طلب کرنے والا ہے کہ میں اس کو بخش دوں۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالاَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وسلم "مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَأَيْقَظَ امْرَأَتَهُ فَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ جَمِيعًا كُتِبَا مِنَ الذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ (سنن ابو داؤد حدیث نمبر 1451)

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات کو بیدار ہو اور اپنی بیوی کو جگائے پھر دونوں دو دو رکعتیں پڑھیں تو وہ کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مردوں اور ذکر کرنے والی عورتوں میں لکھے جائیں گے۔

کَلَامُ الْإِمَامِ الْمَهْدِيِّ ؑ

’’پھر تیسری بات جو اسلام کا رکن ہے وہ روزہ ہے۔ روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشاء اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدّنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتّل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کی تسلی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے۔‘‘

(ملفوظات۔ جلد 5 صفحہ 102)

امام وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

جو لوگ مریض ہوں یا سفر پر ہوں، کیونکہ بیماری بھی انسان کے ساتھ لگی ہوئی ہے، مجبوری کے سفر بھی کرنے پڑ جاتے ہیں تو پھر جو روزے چھوٹ جائیں ان کو بعد میں پورا کرو۔ تو یہ سہولت بھی اللہ تعالیٰ نے اس لیے دی کہ فرمایا کیونکہ تم میری طرف آنے کے لیے، میرے سے تعلق پیدا کرنے کے لیے ایک کوشش کر رہے ہو، ایک مجاہدہ کر رہے ہو، اس لیے مَیں نے تمہاری بعض فطری اور ہنگامی مجبوریوں کی وجہ سے تمہیں یہ چھوٹ دے دی ہے کہ سال کے دوران جو چھٹے ہوئے روزے ہوں وہ کسی اور وقت پورے کر لو۔ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ میں یہ چھوٹ تمہیں تمہاری اس کوشش کی قدر کرتے ہوئے دے رہا ہوں جو تم باقی دنوں میں اپنے آپ کو تکلیف میں ڈالتے ہوئے میرا قرب پانے کے لیے میری خاطر کر رہے ہو۔ فرمایا کیونکہ یہ سب تمہارا عمل میری خاطر ہو رہا ہے اس لیے اگر تم عارضی طور پر بیمار ہو یا بعض سفروں اور مجبوری کی وجہ سے کافی روزے چھوٹ رہے ہیں اور مالی لحاظ سے اچھے بھی ہو تو فدیہ بھی دے دو یہ زائد نیکی ہے۔ اور بعد میں سال کے دوران روزے بھی پورے کر لو۔ اور جو مستقل بیمار ہیں یا عورتیں ہیں مثلاً دودھ پلانے والی ہیں یا جن کے پیدائش ہونے والی ہے وہ کیونکہ روزے نہیں رکھ سکتیں اس لیے ایسے مریضوں کے لیے اپنی حیثیت کے مطابق فدیہ دینا ہے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 5 اکتوبر 2004ء۔ خطبات مسرور جلد 2 صفحہ 743-742)

خطبات وخطابات

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خلاصہ خطبہ جمعہ سیّدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ ۴؍جولائی ۲۰۲۵ء بمطابق ۴؍وفا ۱۴۰۴ ہجری شمسی بمقام مسجد مبارک، اسلام آباد، ٹلفورڈ (سرے)، یو کے

تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

فتح مکہ کے ضمن میں مکے میں داخل ہونے کے حالات کا ذکر گذشتہ خطبے میں ہوا تھا۔

اس کی مزید تفصیل اس طرح ہے، ابنِ اسحٰق نے لکھا ہے کہ ابو سفیان خدا تعالیٰ کے لشکروں کا مشاہدہ کر کے واپس پہنچ گیا۔ آنحضرت ﷺ اپنے سبز پوش دستے کے ساتھ آئے۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ آپؐ اپنی اونٹنی قصواء پر حضرت ابو بکرؓ اور حضرت اسید بن حضیرؓ کے درمیان تھے۔ رسول اللہ ﷺ اس وقت سورت فتح پڑھ رہے تھے۔

جب آپؐ مکے میں داخل ہوئے تو لوگ آپؐ کی زیارت کے لیے آئے، عاجزی کی وجہ سے آپؐ کا سر اپنی اونٹنی کے کجاوے کو چھو رہا تھا۔ آپؐ نے سیاہ رنگ کا عمامہ باندھ رکھا تھا، آپؐ کا پرچم بھی سیاہ تھا۔

آنحضور ﷺ یہ کلمات فرما رہے تھے کہ اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ اے اللہ! یقیناً اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔ عدل و انصاف کا ایک اور پہلو یہ تھا کہ آپؐ نے اپنے پیچھے اپنے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہؓ کے بیٹے اسامہ بن زیدؓ کو بٹھایا ہوا تھا۔ آپؐ ۲۰؍رمضان المبارک کو مکے میں داخل ہوئے، اس وقت سورج کچھ بلند ہو چکا تھا۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ یہ علو جو خدا تعالیٰ کے خاص بندوں کو دیا جاتا ہے وہ انکسار کے رنگ میں ہوتا ہے اور شیطان کا علو استکبار سے ملا ہوا تھا۔

دیکھو! ہمارے نبی کریم ﷺ نے جب مکے کو فتح کیا تو آپ نے اسی طرح اپنا سر جھکایا اور سجدہ کیا جس طرح پر اُن مصائب اور مشکلات کے دنوں میں جھکاتے اور سجدے کرتے تھے جب اسی مکے میں آپ کی ہر طرح سے مخالفت کی جاتی اور دکھ دیا جاتا تھا۔ جب آپؐ نے دیکھا کہ مَیں کس حالت میں یہاں سے گیا تھا اور کس حالت میں اب آیا ہوں تو آپؐ کا دل خدا تعالیٰ کے شکر سے بھر گیا اور آپ نے خدا تعالیٰ کے حضور سجدہ کیا۔

مکے میں داخل ہونے سے پہلے جب یہ سوال ہوا کہ مکے میں آپؐ کا قیام کہاں ہو گا تو آپؐ نے فرمایا کہ مکے میں عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر چھوڑا بھی ہے؟ پھر آپؐ نے فرمایا کہ ہمارا قیام خیف بنی کنانہ میں ہو گا۔

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں کہ جب آپؐ مکے میں داخل ہوئے تو لوگوں نے آپؐ سے پوچھا کہ آپؐ کہاں ٹھہریں گے؟ آپؐ نے فرمایا کہ کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی مکان چھوڑا بھی ہے؟ یعنی میرے عزیز و اقارب نے میری تمام جائیداد بیچ کھائی ہے۔ پھر فرمایا کہ ہم خیف بنی کنانہ میں ٹھہریں گے۔ یہ مکے کا ایک میدان تھا جہاں قریش اور بنی کنانہ نے مل کر قسمیں کھائی تھیں کہ جب تک بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب محمد (رسول اللہ ﷺ) کو پکڑ کر ہمارے

حوالے نہ کر دیں اور اُن کا ساتھ نہ چھوڑ دیں ہم ان کے ساتھ نہ شادی بیاہ کریں گے اور نہ خرید و فروخت کریں گے۔

آپؐ دن کا کچھ حصہ اپنے خیمے میں قیام پذیر رہے پھر آپؐ نے اپنی اونٹنی قصواء کو منگوایا اور آپؐ ہتھیار لے کر اور خود پہن کر اونٹنی پر سوار ہوئے۔ آپؐ کے ساتھ حضرت ابو بکرؓ تھے اور آپؐ ان کے ساتھ باتیں کر رہے تھے۔

حضور ﷺ جب مکے میں داخل ہوئے تو خانہ کعبہ کے ارد گرد ۳۶۰ بت نصب تھے۔ ہبل ان میں سب سے بڑا بت تھا۔ آپؐ کے ہاتھ میں کمان تھی۔ آپؐ جب کسی بت کے پاس سے گزرتے تو بت کی آنکھ میں اپنی کمان مارتے اور فرماتے جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۖ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔ یعنی حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا اور یقیناً باطل تو بھاگنے کے لیے ہی ہے۔

آپؐ خانہ کعبہ کے پاس پہنچ گئے اور اسے دیکھا، پھر آپؐ اپنی سواری کے ساتھ آگے بڑھے اور اپنی چھڑی کے ساتھ حجر اسود کو چھوا اور اللہ اکبر کہا۔ مسلمانوں نے بھی نعرہ تکبیر لگائے یہاں تک کہ مکہ کی فضا نعرہ تکبیر کے نعروں سے گونج اٹھی اور آپؐ نے صحابہؓ کو روکا۔ کفار پہاڑوں پر سے یہ منظر دیکھ رہے تھے۔ آپؐ نے بیت اللہ کا طواف کیا حضرت محمد بن مسلمہؓ نے آپؐ کی اونٹنی کی نکیل پکڑی ہوئی تھی۔ آپؐ اپنی سواری سے اتر آئے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت عمر بن خطابؓ کو حکم دیا کہ وہ خانہ کعبہ میں جائیں اور اس میں موجود ہر تصویر کو مٹا دیں۔ جب تک خانہ کعبہ سے ہر تصویر مٹا نہ دی گئی آپؐ اس میں داخل نہیں ہوئے۔

آپؐ مقام ابراہیم پر آئے اور دو رکعت ادا کیں۔ پھر آپؐ زم زم کے پاس تشریف لے گئے حضرت عباس بن عبد المطلبؓ یا حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلبؓ نے ایک ڈول آپؐ کے لیے نکالا۔ آپؐ نے اس پانی کو پیا اور اس سے وضو کیا۔

صحابہؓ جلدی جلدی آپؐ کے وضو کا پانی اپنی ہتھیلیوں پر لینے لگے۔ صحابہؓ وہ پانی اپنے چہروں پر ڈال رہے تھے۔ کفار یہ منظر دیکھ رہے تھے وہ متعجب ہو کر کہنے لگے ہم نے اتنے بڑے بادشاہ کے بارے میں نہ سنا ہے اور نہ دیکھا ہے۔

جب ہبل بت کو گرایا گیا تو حضرت زبیر بن العوامؓ نے ابو سفیان سے کہا کہ ہبل کو گرا دیا گیا۔ تم احد کے دن ہبل کا نام لے کر بڑے غرور سے دعوے کر رہے تھے۔ ابوسفیان نے کہا اے ابن عوام! اب ان باتوں کو جانے دو کیونکہ مَیں نے جان لیا ہے کہ اگر محمد (ﷺ) کے خدا کے سوا بھی کوئی معبود ہوتا تو وہ نہ ہوتا جو آج ہوا ہے۔

اس کے بعد آنحضرت ﷺ خانہ کعبہ کے ایک کونے میں بیٹھ گئے اور لوگ آپؐ کے ارد گرد جمع تھے۔ حضرت ابو بکرؓ اس موقعے پر تلوار سونتے آپؐ کے ساتھ کھڑے تھے۔ حضور ﷺ نے عثمان بن طلحہؓ کو بلایا اور فرمایا کہ میرے پاس خانہ کعبہ کی چابی لاؤ۔ وہ اپنی والدہ کے پاس گئے تو اس نے چابی دینے سے انکار کر دیا حضرت عثمان بن طلحہؓ نے اسے کہا کہ اگر تم چابی نہیں دو گی تو یہ تلوار میری پیٹھ کے آر پار ہو گی۔ بہر حال ان کی والدہ نے چابی دے دی۔ وہ چابی لے کر آنحضرت ﷺ کے پاس آئے تو آپؐ نے چابی انہیں واپس دے دی اور انہوں نے دروازہ کھولا۔ آنحضرت ﷺ اسامہ بن زیدؓ اور بلال بن رباحؓ کو ساتھ لے کر خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے۔ خانہ کعبہ کا کلید بردار عثمان بن طلحہؓ بھی ساتھ تھا۔ آپؐ نے کعبہ کا دروازہ بند کر دیا اور دیر تک اندر رہے اور وہاں دو رکعت نماز ادا کی۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ یہ بات بحضورِ دل یاد رکھو کہ جیسے بیت اللہ میں حجر اسود پڑا ہوا ہے اسی طرح قلب سینہ میں پڑا ہوا ہے۔ بیت اللہ پر بھی ایک زمانہ آیا ہوا تھا کہ کفار نے وہاں بت رکھ دیے تھے، ممکن تھا کہ بیت اللہ پر یہ زمانہ نہ آتا مگر نہیں! اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک نظیر کے طور پر رکھا۔ قلبِ انسانی بھی ایک حجر اسود کی طرح ہے اور اس کا سینہ بھی بیت اللہ سے مشابہت رکھتا ہے۔ ماسوا اللہ کے، خیالات وہ بت ہیں جو اس کعبے میں رکھے گئے ہیں۔ مکہ معظّمہ کے بتوں کا قلع قمع اس وقت ہوا تھا جب ہمارے رسول کریم دس ہزار قدوسیوں کی جماعت کے ساتھ وہاں جا پڑے

تھے اور مکہ فتح ہوگیا تھا۔ ان دس ہزار صحابہ کو پہلی کتابوں میں ملائکہ لکھا ہے اور حقیقت میں ان کی شان ملائکہ ہی کی سی تھی۔ انسانی قویٰ بھی ایک طرح پر ملائکہ کا ہی درجہ رکھتے ہیں کیونکہ جیسے ملائکہ کی یہ شان ہے کہ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ اسی طرح پر انسانی قویٰ کا یہ خاصہ ہے کہ جو حکم انہیں دیا جائے اس کی تعمیل کرتے ہیں۔

فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے قریش سے فرمایا کہ اے قریش! تم کیا خیال کرتے ہو کہ مَیں تم سے کیا سلوک کروں گا۔ قریش نے کہا آپ جو کچھ کریں گے بہتر کریں گے، آپ معزز بھائی اور معزز بھائی کے بیٹے ہیں۔

آپؐ نے فرمایا کہ جاؤ تم سب آزاد ہو۔ لوگ عام معافی کا اعلان سن کر اس طرح نکلے جیسے اُسی وقت قبروں سے نکلے ہوں اور انہوں نے اسلام قبول کرنا شروع کر دیا۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ ... تمام کفار گرفتار کر کے آپؐ کے سامنے پیش کیے گئے تو کفار نے خود اپنے منہ سے اس وقت اقرار کیا کہ ہم بباعث اپنے سخت جرائم کے واجب القتل ہیں اور اپنے تئیں آپ کے رحم کے سپرد کرتے ہیں تو آپؐ نے سب کو بخش دیا۔

بقیہ تفاصیل آئندہ بیان کیے جانے کا ارشاد فرمانے کے بعد حضورِانور ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے درج ذیل دو مرحومین کا ذکرِ خیر اور نمازِ جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا:

☆ ... محترمہ سیدہ لبنیٰ احمد صاحبہ اہلیہ سید مولود احمد صاحب مرحوم۔ گذشتہ دنوں ۷۱ سال کی عمر میں ان کی وفات ہوگئی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ مرحومہ بڑا صبر کرنے والی، دوسروں کا خیال رکھنے والی، سادہ مزاج، ہر طرح کے حالات میں گزارہ کرنے والی، سسرال کا حق نبھانے والی تھیں۔

☆ ... مکرمہ نازمون بی بی زبیر صاحبہ اہلیہ محمد شفیع زبیر صاحب آف جرمنی۔ گذشتہ دنوں ان کی وفات ہوگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ ماریشس کی تھیں۔ مرحومہ غیرمتزلزل ایمان اور عاجزی کا نمونہ تھیں۔ کبھی کوئی شکوہ شکایت نہ کرتیں۔ بیماری میں بھی بہت حوصلے سے کام لیتیں۔ نمازوں کی پابند، لوگوں کے کام آنے والی، خلافت سے گہرا تعلق رکھنے والی، خطبات غور سے سننے والی، اللہ تعالیٰ سے پختہ تعلق رکھنے والی، صاحبِ کشف و رؤیا تھیں۔

حضورِانور نے مرحومین کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا کی۔

H.A. GHOURI
9848955134
7013492780
GHOURI ROLLING SHUTTERS
WHOLESALE DEALER
Suppliers of All Spare Parts of Rolling Shutters Specialist in: Gear & Remote Shutters
SHOP NO 5-6, YERRAKUNTA, OPP. TOTAL GAZ PUMP,PAHADI SHAREEF ROAD HYDERABAD (T.S.)

NUSRAT
Cell :9902222345
9448333381
MOTORS RE-WINDING

Spl. in :
All Types of Electrical Motor Re-Winding, Pump Set, Starters & Panel Repairing Centre.
HATTIKUNI ROAD, YADGIR - 585201



تجوید کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی اہمیت

(مضمون نگار: مرشد احمد استاد جامعہ احمدیہ قادیان)

تجوید کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کا مطلب یہ ہے کہ مخارج و صفات کی صحیح ادائیگی، قواعد کی پابندی، ترتیل، لحن یعنی غلطی سے بچنا اور حسن قرات کے ساتھ قرآن پڑھنا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ حروف تہجی کو انکے تمام مخارج اور صفات کے ساتھ ادا کرنا نیز قواعد جیسے حرکات حروف مد، حروف لین، غنہ، اخفا، اظہار، ادغام ، اقلاب ، رموز اوقاف وغیرہ وغیرہ کی پابندی کرتے ہوئے ٹھہر ٹھہر کر ترتیل سے قرآن پڑھنا۔

اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی یہ صفت بیان فرمائی ہے کہ وہ پوری توجہ اور شرائط کو مدِّنظر رکھ کر قرآن مجید پڑھتے ہیں اور تلاوت کا حق ادا کرتے ہیں۔ فرماتا ہے اَلَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰہُمُ الۡکِتٰبَ یَتۡلُوۡنَہٗ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ اُولٰٓئِکَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِہٖ یعنی وہ لوگ جن کو ہم نے یہ کتاب (قرآن کریم) دی ہے وہ اِس کی اِس طرح تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ تلاوت کرنے کا حق ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو اِس پر حقیقی ایمان رکھتے ہیں۔ (البقرہ: ۱۲۲)

ایک اور جگہ فرمایا وَرَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا (اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر (سورۃ المزمل: ۵)۔ اس آیت میں ''ترتیلاً'' کا لفظ ہی تجوید کی روح کو بیان کرتا ہے، جس میں ہر حرف کو اس کے مخصوص مخرج اور صفت کے ساتھ ادا کرنا، وقف و وصل کا خیال رکھنا اور خوش الحانی کے ساتھ تلاوت کرنا شامل ہے۔

نبی کریم ﷺ خود قرآن کو انتہائی خوبصورت اور مُرتّل انداز میں پڑھتے تھے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''کَانَ قِرَاءَتُہُ تَرْتِیلًا'' (آپ ﷺ کی قراءت ترتیل کے ساتھ ہوتی تھی) (صحیح البخاری)۔ آپ ﷺ نے فرمایا زَیِّنُوا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ (اپنی آوازوں سے قرآن کو مزین کرو) (سنن ابی داود، صحیح قرار دیا)۔ نیز فرمایا اُس شخص کا ہم سے کوئی تعلق نہیں جو قرآن کریم کو خوش الحانی سے نہیں پڑھتا۔

حضرت اُمّ سلمہؓ سے جب آنحضرتؐ کی تلاوت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا، آنحضورؐ کی تلاوت بالکل واضح ہوتی تھی۔ ہر حرف جدا ہوتا تھا۔ یعنی اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ پڑھ کر ٹھہر جاتے تھے پھر الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر ٹھہر جاتے۔

آپ ﷺ نے تجوید سیکھنے اور سکھانے کی ترغیب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ (تم میں سے بہترین وہ شخص ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے) (صحیح البخاری)۔ »سیکھنے« میں اس کی صحیح ادائیگی کا علم بھی شامل ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ایک مشہور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: الْمَاهِرُ بِالْقُرْآنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ، وَالَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَيَتَتَعْتَعُ فِيهِ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهُ أَجْرَانِ (جو شخص قرآن کا ماہر ہے (یعنی اسے تجوید کے ساتھ پڑھتا ہے)، وہ عظیم فرشتوں (کاتبوں) کے ساتھ ہوگا۔

اور جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور اس میں لڑکھڑاتا ہے (یعنی اس پر مشقت ہوتی ہے) اور پڑھنا اس پر دشوار ہے، اس کے لیے دوہرا اجر ہے) (صحیح مسلم)۔

جہاں قرآن کریم کو ہمیں اسکے قوائد اور شرائط کو ملحوظ رکھ کر تلاوت کرنی چاہئے اس کے ساتھ ساتھ ہم پر یہ بھی لازم ہے کہ ہمیں قرآن کریم کی آیات کے معنی بھی سمجھ آ رہے ہوں۔ اس آخری زمانہ کے امام سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے قرآن کریم کے وہ خزائن جو ہزاروں سال مدفون تھے اپنی تفاسیر اور کتب میں بیان کئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ نے آپکو قرآن کریم کی تلاوت غور و فکر اور تدبر کے نتیجہ میں ہی عطا کئے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کِتٰبٌ أَنزَلْنٰهُ إِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوٓا۟ آیاتہ (ص ۲۹)

یعنی یہ ایک بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں۔

حدیث پاک میں بھی آتا ہے کہ جو شخص تین دن سے کم مدت میں قرآن پڑھے وہ اس کے معانی و مطالب کو نہیں سمجھ سکتا۔ یعنی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ قرآن کو صرف تجوید اور خوبصورت آواز کے ساتھ پڑھنا ہی اسکو اہم نہیں بناتا بلکہ اصل چیز یہ ہے کہ اسکے معنی اور مطالب پر غور کیا جائے۔

چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

وہ لوگ خوش قسمت ہیں جو قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔ وہ اسے بار بار پڑھتے ہیں۔ اس کی تعلیمات پر غور و فکر کرتے ہیں۔ اس سے رہنمائی اور نور حاصل کرتے ہیں۔ اس سے ملنے والے جواہرات سے اپنی جھولیاں بھرتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ محض قرآن پڑھنے سے تلاوت کا حق ادا نہیں ہوسکتا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ اِنسان اِس کو غور اور تدبّر سے پڑھے۔

آپ علیہ السلام نے ایک اور موقع پر تلاوت کی حقیقی غرض بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ

’’قرآن شریف کی تلاوت کی اصل غرض تو یہ ہے کہ اس کے حقائق اور معارف پر اطلاع ملے اور انسان ایک تبدیلی اپنے اندر محسوس کرے۔ یہ یاد رکھو کہ قرآن شریف میں ایک عجیب غریب اور سچا فلسفہ ہے۔ اس میں ایک نظام ہے جس کی قدر نہیں کی جاتی۔ جب تک نظام اور ترتیبِ قرآنی کو مدِّنظر نہ رکھا جاوے اور اس پر پورا غور نہ کیا جاوے۔ قرآن شریف کی تلاوت کے اغراض پورے نہ ہوں گے‘‘

(ملفوظات جلد اوّل ص ۴۲۹)

تلاوت قرآن کریم کے ایک موثر اور خوبصورت انداز کے بارے میں حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں۔

’’انسان کو چاہئے کہ قرآن شریف کثرت سے پڑھے۔ جب اس میں دعا کا مقام آوے تو دعا کرے۔ اور خود بھی خدا سے وہی چاہے جو اس دعا میں چاہا گیا ہے اور جہاں عذاب کا مقام آوے تو اُس سے پناہ مانگے۔ اور اُن بداعمالیوں سے بچے جن کے باعث وہ قوم تباہ ہوئی۔ دل کی اگر سختی ہو تو اس کے نرم کرنے کے لئے یہی طریق ہے کہ قرآن شریف کو ہی بار بار پڑھے۔ جہاں جہاں دعا ہوتی ہے وہاں مومن کا بھی دل چاہتا ہے کہ یہی رحمتِ الٰہی میرے شاملِ حال ہو۔ قرآن شریف کی مثال ایک باغ کی ہے کہ ایک مقام سے انسان کسی قسم کا پھول چُنتا ہے۔ پھر آگے چل کر اور قسم کا پھول چُنتا ہے۔ پس چاہئے کہ ہر ایک مقام کے مناسب حال فائدہ اٹھاوے۔‘‘

قُرآں کتابِ رَحماں سِکھلائے راہِ عِرفاں
جو اس کے پڑھنے والے اُن پر خدا کے فیضاں

اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن کریم کی حقیقی روح کو سمجھتے ہوئے ان تمام باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اپنی عزیز جماعت سے دردمندانہ توقعات

(محمد کلیم خان: مبلغ سلسلہ ایڈیشنل نظارت اصلاح وارشاد جنوبی ہند)

انسان اور حیوان میں بعض خصوصیات مشترک ہیں مگر کئی امتیازات بھی ہیں۔ انسان کھاتا پیتا ہے تا کہ بقاء خود کا سلسلہ جاری رہے۔ اسی طرح حیوان بھی کھاتا پیتا ہے اور اسے بھی بقاء خود کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ پھر نسل جاری رکھنے کا سلسلہ بھی دونوں میں چلتا ہے تا کہ بقاء خود کے ساتھ ساتھ بقاء نوع کا سلسلہ بھی جاری رہے۔

اگر ہم انسان اور حیوان کے امتیاز کے حوالے سے غور کریں توہمیں صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے لیے حیوان کو مسخر کیا گیا ہے۔ اور انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ عطا فرمایا گیا ہے۔ حیوان پر انسان کو یہ فوقیت دی گئی ہے۔ کیونکہ اسے صرف بقاء خود اور بقاء نوع تک (حیوانات کی طرح) محدود نہیں رکھا گیا۔ بلکہ اس کے لیے ایک مقام ’’بقاء روح‘‘ بھی ہے۔ اس کے لیے ایک جگہ نہیں بلکہ دو جگھوں (دنیا و آخرت) کے لیے انسان کو پیدا کیا گیا ہے۔ اور اس کے لیے کچھ ذمہ داریاں بھی انسان پر عائد کی گئی ہیں (جو حیوانات کے لیے نہیں ہیں) چنانچہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

’’انسان خدا تعالیٰ کے تعبد ابدی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔‘‘

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 64)

پھر اس غرض (تعبد ابدی) کے لیے اللہ تعالیٰ نے از راہ احسان ایک حسین نظام بھی قائم فرمایا ہے اور راہنمائی کے لیے انبیاء علیہم السلام کو نازل فرماتا رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جس طرح ہزار ماؤں سے بڑھ کر اپنے بندوں سے پیار و محبت کرتا ہے اسی کے پرتو کے طور پر تمام انبیاء کرام بھی اپنے متبعین سے ان کی ماؤں سے بڑھ کر محبت رکھتے ہیں اور اس غرض کے لیے ہمیشہ تڑپتے رہتے ہیں۔ چنانچہ اس امر کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام قرآن مجید میں حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کا ذکر یوں بیان فرمایا ہے۔ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (سورۃ الشعراء: 4) اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اس میں فرمایا کہ شاید تو اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالیگا کہ وہ کیوں نہیں مومن ہوتے۔ یہ دردمندی اپنے متبعین کے لیے تمام انبیاء علیہم السلام کے اندر ہوتی ہے۔ اسی طرح دردمندی کے توقعات کا مضمون بائبل میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں بھی ملتا ہے۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

’’کاش کہ خداوند کے سارے بندے نبی ہوتے‘‘

(گنتی 11/29)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی دردمندانہ سیرت بھی اسی طرح ہے۔ اور آپ اپنے دوست احباب میں اس کا ذکر فرمایا

کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ۔

''حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ عالی میں جب بعض لوگوں کی طرف سے دنیاوی مقاصد کے حصول کے لیے دعا کی درخواست ہوتی اور ان کے خطوط موصول ہوتے تو حضور انور اکثر فرمایا کرتے تھے کہ۔ ہم جس دنیا کو چھڑانے کے لیے آئے ہیں یہ لوگ وہی دنیا ہم سے مانگتے ہیں۔ کاش ہمارے یہ دوست جو ہم سے دنیا کے متعلق دعا کراتے ہیں یہ اصلاح نفس اور خدمت اسلام کے متعلق بھی اپنے دلوں میں ایسی ہی تڑپ محسوس کریں جیسا کہ دنیا کے لیے محسوس کرتے ہیں۔

پھر حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ کئی دوستوں کی درخواستیں دعا کے متعلق اس غرض سے ہوتی ہیں کہ ان کا فلاں کام ہو جائے اور مال و دولت مل جائے یا بیوی اور بچے مل جائیں اور بیماروں کو صحت ہو جائے مگر ایسی درخواستیں بہت کم ہوتی ہیں جن میں یہ لکھا ہو کہ آپ میرے لیے دعا کریں کہ مجھے اللہ تعالیٰ اور رسول کی محبت نصیب ہو اور خدمت دین کی طرف رغبت پیدا ہو اور فلاں فلاں کمزوری اور بدی جو مجھ میں پائی جاتی ہے اللہ تعالیٰ اسے دور کر دے۔

حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ مومنوں کا کام تو یہ ہے کہ ان کا ہر ایک شغل دین سے تعلق رکھنے والا ہو اور جیسے کافر لوگ دنیا اور دنیا کے مال و دولت اور ہر ایک چیز سے کفر کی بقا و ترقی کے لیے کوشش کرتے ہیں ایسے ہی مومنوں کو چاہیے کہ وہ ان کے مقابل میں غیرت کا ثبوت دیتے ہوئے اپنی جان و مال اور گھر بار کو دین کی خدمت میں لگا کر دین کو دنیا میں قائم کر دیں تا کہ دنیا میں خدا تعالیٰ کا جلال ظاہر ہو اور اسلام پھلے پھولے اور دوسرے تمام ادیان پر غالب آئے۔

پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ میں آپ لوگوں کو دنیا کے کاموں سے بالکل منع نہیں کرتا بلکہ میرا اصل مسلک جس پر میں لوگوں کو قائم کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ لوگ دین کو دنیا پر مقدم رکھتے ہوئے دنیا کا شغل اختیار کریں۔''

(حیات قدسی حصہ دوم صفحہ 86,87)

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ۔

''میں نے سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان مبارک سے یہ بارہا سنا ہے کہ جس دنیا کے طمع اور لالچ کو ہم اندر سے نکالنے کے لیے آئے ہیں، افسوس ہے کہ لوگ زیادہ تر اسی کے متعلق دعا کرنے کی خواہش کرتے ہیں۔ کبھی یہ درخواست کرتے ہیں کہ بیوی یا اولاد نرینہ مل جائے۔ کبھی ملازمت یا عہدہ میں ترقی کے لیے کہتے ہیں۔ کبھی کاروبار میں نفع یا بیماری سے شفاء پانے کی درخواست کرتے ہیں۔ ایسے بہت تھوڑے ہیں جو یہ دعا کرواتے ہیں کہ ہمیں خدا کی محبت اور اطاعت نصیب ہو اور خدمت دین کا موقعہ ملے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں گناہوں سے بچائے اور ان سے نفرت پیدا فرمائے۔ اور روحانی امراض سے شفاء حاصل ہو۔''

(حیات قدسی حصہ سوم صفحہ 36)

اس دردمندی کا دوسرا پہلو آپ کی ناراضگی میں بھی ہے چنانچہ ایک واقعہ ملفوظات میں یوں درج ہے کہ۔

''ایک نوجوان شخص نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر دنیاوی مصائب کی کہانی شروع کی اور اپنے طرح طرح کے ہم و غم بیان کیے۔ حضرت مسیح موعود نے بہت سمجھایا اور فرمایا کہ ہمہ تن دنیاوی امور میں کھوئے جانا خسارت آخرت کا موجب ہوتا ہے اور اس قدر جزع و فزع مومن کو نہیں چاہیے۔ مگر وہ زور زور سے رونے لگا جس پر آپ نے سخت ناراضگی اور ناپسندیدگی کا اظہار فرما کر کہا کہ '' بس کرو۔ میں

ایسے رونے کو جہنم کا موجب جانتا ہوں۔ میرے نزدیک جو آنسو دنیا کے ہم وغم میں گرائے جاتے ہیں۔ وہ آگ ہیں جو بہانے والے کو ہی جلا دیتے ہیں۔ میرا دل سخت ہو جاتا ہے ایسے شخص کے حال کو دکھ کر جو جیفہ دنیا کی تڑپ میں کڑھتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول (پانچ جلدوں میں مکمل والی) صفحہ 216 مطبوعہ قادیان 2010)

احباب جماعت سے دردمندانہ توقعات زندگی بھر آپ رکھتے رہے اور یہی انبیاء علیہم السلام کا مقصد ہے۔ چنانچہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی کی آخری نصیحت بھی ہمارے لیے قابل غور ہے۔ اس نصیحت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ علیہ السلام کس قدر اپنی عزیز اور پیاری جماعت سے توقعات رکھتے تھے۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور کے یہ الفاظ مجھے آج تک خوب یاد ہیں۔

”جماعت احمدیہ کے لیے بہت فکر کا مقام ہے کیونکہ ایک طرف تو لاکھوں آدمی انہیں کافر کافر کہتے ہیں دوسری طرف اگر یہ بھی خدا تعالیٰ کی نظر میں مومن نہ بنے تو ان کے لیے دوہرا گھاٹا ہے۔ حضرت ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ جہاں تک مجھے یاد ہے یہ حضور کی آخری نصیحت تھی جس کو میں نے اپنے کانوں سے سنا۔“

(الفضل 12 نومبر 1959 منقول از۔ قندیلیں صفحہ 15 انتخاب صوفیہ اکرم چٹھہ۔

یک از مطبوعات شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ کراچی بسلسلہ صد سالہ جشن تشکر)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے منظوم کلام میں فرماتے ہیں۔

سب خیر ہے اسی میں کہ اس سے لگاؤ دِل
ڈھونڈو اسی کو یارو! بتوں میں وفا نہیں

اِس جائے پُرعذاب سے کیوں دِل لگاتے ہو
دوزخ ہے یہ مقام یہ بُستاں سَرا نہیں

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے آقا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دردمندانہ توقعات کے مطابق پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہم خدا تعالیٰ کی نظر میں مومن بننے کی سعادت حاصل کرنے والے ہوں اور ہمارا انجام بخیر ہو۔ آمین

☆...☆...☆





عقل کو دین پہ حاکم نہ بناؤ ہرگز
یہ تو خود اندھی ہے گر نیر الہام نہ ہو

فواد احمد استاد جامعہ احمدیہ قادیان

عصر حاضر میں انسان تیزی سے دہریت کی طرف جاتا جارہا ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں، لیکن ان میں سے ایک بڑی وجہ انسان کی سائنسی ترقیات بھی ہیں۔ جیسے جیسے انسان سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی حاصل کرتا جارہا ہے اس کا یہ گمان بڑھتا جارہا ہے کہ انسان کو ایک خدا کی یا مذہب کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ صرف عقل کو ہی استعمال کر کے وہ اپنی زندگی بہترین رنگ میں گزار سکتا ہے۔ انسان اس خیال میں پڑ گیا ہے کہ صرف عقل کی بنا پر ہی انسان حقیقی سیاق و سباق حاصل کر سکتا ہے اور تمام امور کی معرفت صرف عقل سے ہی حاصل ہوسکتی ہے۔

لیکن الہام دراصل ہوتا کیا ہے؟ الہام کو ماننے والوں میں بھی دو مکتبہ فکر کے لوگ پائے جاتے ہیں۔ جماعت احمدیہ کے چوتھے خلیفہ حضرت مرزا طاہر احمدؒ اپنی کتاب ''الہام عقل علم اور سچائی'' میں بیان فرماتے ہیں کہ،

'' الہام کی حقیقت الہام کیا ہے؟ کیا یہ محض ایک اصطلاح ہے جو انسانی ذہن کی شعوری اور تحت الشعوری کائنات کی تحقیق اور دریافت کے عمل کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے یا اس کا منبع کوئی خارجی وجود ہے جس کا علم انسانی علم پر غالب ہے۔ الہام پر ایمان رکھنے والوں میں بھی اس کی حقیقت کے بارہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مثلاً بدھ ازم، کنفیوشن ازم اور تاؤ ازم کے عصر حاضر کے پیروکاروں کا خیال ہے کہ ان کے مذہبی پیشواؤں کے علم کا منبع ان کا شعور (conscious) یا تحت الشعور (subconscious) ہے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے ان کا عقیدہ ہے کہ سچائی ہر روح کے اندر فطرتاً موجود ہے۔ ان کے نزدیک القاء اس ابدی صداقت کے سرچشمہ کے ساتھ تعلق قائم کرنے کا ذریعہ ہے جبکہ دیگر مذاہب کے مطابق الہام ایک خارجی وجود یعنی ازلی ابدی اور کامل حکمت والے خدا کی طرف سے نازل ہوتا ہے۔''

(الہام عقل علم اور سچائی، صفحہ ۲۰۹)

جب ہم ان دونوں نظریات پر غور کرتے ہیں تو ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ انسانی ذہن میں اللہ تعالیٰ نے الہام قبول کرنے کی صلاحیت رکھی ہے اور مذہبی شواہد کے علاوہ بھی انسانی تاریخ میں ایسے واقعات پائے جاتے ہیں جن میں غیر مذہبی لوگوں کو سچی خوابیں آئی ہیں۔ مثلاً ۱۹۸۵ء میں ایک جرمن سائنسدان Friedrich August Kakule کو Benzene ring کا خاکہ خواب میں نظر آیا تھا۔ Elias Howe کو بھی سلائی مشین کی ایجاد کے لئے خواب کے ذریعہ رہنمائی ہوئی تھی۔ حضرت یوسفؑ کی قید کے دوران بادشاہ کو خوشحالی اور قحط سالی کے متعلق حقیقی خواب آئی تھی۔ لیکن انسانی ذہن پیدا ہونے والے خیالات اور خواب وغیرہ جس میں ایک خارجی وجود یعنی اللہ تعالیٰ کا دخل نہ ہو وہ ہمیشہ ناقص رہتے ہیں۔ گو انسان کتنی بھی کوشش کر لے لیکن جب تک کہ ایک قادر مطلق خدا انسان کی اپنی جناب سے رہنمائی نہ کرے اس کو کسی معاملہ کی کامل معرفت

حاصل نہیں ہو سکتی۔

لیکن کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی عقل پر بھروسہ ہی نہ کیا جائے؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ کامیابی کا اصل راز یہ ہے کہ انسان حتی الوسعی اپنی تمام تر صلاحیتوں کا استعمال کر کے اپنے علم کو ہمیشہ کامل کرنے کی کوشش میں لگا رہے اور پورے تدبر اور تفکر کے ساتھ خدا تعالیٰ سے رہنمائی کا بھی خواستگار ہو۔ اسلام ہمیں اسی چیز کی تعلیم دیتا ہے۔ آنحضور ﷺ کا قول ہے کہ

''طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ''۔ یعنی علم کا حصول ہر مسلمان پر فرض ہے۔

(کتاب المقدمہ)

قرآن کریم میں جا بجا انسان کو اپنی عقل استعمال کرنے اور کائنات کا مطالعہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ صداقت تک پہنچنے کے لئے قرآن کریم عقل کی اہمیت کو واشگاف الفاظ میں تسلیم کرتا ہے ۔ اسلام قرآنی تعلیمات اور دعاوی کو پرکھنے اور دنیا کے ساتھ ساتھ دینی امور کی تحقیق کے لئے بھی عقل اور منطق کو بنیاد بناتا ہے۔ لیکن صحیح نتائج حاصل کرنے کے لیے صرف عقل ہی کافی نہیں بلکہ انسانی راستبازی اور حصول علم کے منبع کا کامل ہونا بھی ضروری ہے۔ اور موجودہ زمانہ کی ترقیات اور نئی ایجادات اور دریافتیں اس بات کی ضامن ہیں کہ انسان کا علم ہمیشہ ناقص رہتا ہے۔ ہر نیا انکشاف اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ انسان کے علم میں ہمیشہ کمی ہے۔ ہر نا کامیاب فیصلہ انسان کو یہ احساس دلاتا ہے کہ اس کے سیاق و سباق میں کس قدر نقص ہے۔ سو جب تک انسان ایک کامل منبع سے رہنمائی حاصل نہ کرے وہ حقیقی صداقت سے ہمیشہ دور رہے گا۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے شروع میں بیان فرمایا،

'' الٓمّٓ * ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ * ''
کہ میں اللہ سب سے زیادہ جاننے والا ہوں۔ یہ 'وہ' کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں۔ ہدایت دینے والی ہے متقیوں کو۔ (البقرۃ: ۲-۳)

حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابعؒ بیان فرماتے ہیں،

''سچائی کے طالب کیلئے اس کا خود راستباز ہونا ضروری ہے ورنہ اس کی جستجو اور تحقیق رائیگاں جائے گی۔ اس بیان کے مطابق سچائی کا حصول محقق کی صحت نیت پر ہے۔ یہ گہری حکمت اس مختصر مگر سادہ بیان سے واضح ہے کہ ھدی للمتقین۔ (ہدایت دینے والی ہے متقیوں کو)۔ یہی اصول دنیوی امور کی تحقیق پر بھی صادق آتا ہے۔ متعصب ذہن سے کی جانے والی تحقیق اکثر و بیشتر قابل اعتبار نہیں ٹھہرائی جا سکتی.....مندرجہ بالا قرآنی آیات ایک ایسے خدا کا تصور پیش کرتی ہیں جو ہر چیز کے بارہ میں انتہائی صحت وصفائی کے ساتھ پورا علم رکھتا ہے۔ لہٰذا ایسی ہستی کی طرف سے عطا کیا جانے والا علم یقیناً انتہائی کامل اور قابل اعتماد ہو گا۔''

(الہام عقل علم اور سچائی، صفحہ ۲۲۵-۲۲۶)

انسانی عقل کا یہی خاصہ ہے کہ انسان اکثر کامل طور سے غیر جانبدارانہ رنگ میں تحقیق نہیں کر سکتا کیونکہ اس کا نفس اس پر غالب آ جاتا ہے، اور نہ ہی اسے سوائے خدا کے کوئی ایسا منبع علم حاصل ہو سکتا ہے جو کامل اور غیر ناقص ہو۔ اسی وجہ سے ایسے انسان جو راستبازی سے کام لیتے ہیں اور اپنے حصول (دنیوی اور دینی) علم کی کوششوں میں متعصب نہیں ہوتے ان کی کوششیں رائیگاں نہیں جاتیں۔ اور ایسے انسانوں میں بھی وہ انسان جو کمال راستبازی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور کسی قسم کے نفسانی جوشوں کے آگے نہیں جھکتے خدا ان کو پھر اپنی جناب سے علم عطاء کرتا ہے۔ اور وہ لوگ خدا سے الہام پا کر صداقت کو پا لیتے ہیں۔ اور ان میں سب سے اعلیٰ مقام انبیاء علیھم السلام کا ہوتا ہے۔ جو خدا سے الہام پا کر لوگوں کی رہنمائی کرتے ہیں اور ان کو اس کامل وجود کے علم سے حصہ دیتے ہیں جو کہتا ہے کہ الم (انا اللہ اعلم)۔

اللہ کے انہیں انبیاء میں سے ایک نبی حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہودؑ ، جن کو اللہ تعالیٰ نے اس آخری زمانہ میں انسانیت کی رہنمائی کے لیے سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیروی میں مبعوث فرمایا، عقل کے ساتھ الہام کی ضرورت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ،

''میں جداً و قطعاً کہتا ہوں کہ الہام کے بغیر مجرد عقل کی پیروی میں صرف ایک نقصان نہیں بلکہ یہ وہ آفت ہے کہ کئی آفات اُس سے پیدا ہوتی ہیں......

خداوند کریم نے جیسا ہر یک چیز کا باہم جوڑ باندھ دیا ہے۔ ایسا ہی الہام اور عقل کا باہم جوڑ مقرر کیا ہے۔ اس حکیم مطلق کا عام طور پر بھی قانون قدرت پایا جاتا ہے۔ کہ جب تک ایک چیز اپنے جوڑ سے الگ ہے تب تک اس کے جوہر چھپے رہتے ہیں۔ بلکہ اکثر اوقات نفع کی جگہ ضرر ہوتا ہے۔ ایسا ہی عقل کا حال ہے کہ علم دین میں اس کے نیک آثار تب مترتب ہوتے ہیں جب وہ جوڑ یعنی الہام اس کے ساتھ شامل ہو جائے۔ ورنہ اپنے جوڑ کے بغیر ڈاین ہو کر ملتی ہے۔ سارا گھر نگلنے کو طیار ہو جاتی ہے۔ سارا شہر سنسان ویران کرنا چاہتی ہے۔ پر جب جوڑ میسر آ گیا تب تو چشم بد دور کیا ہی پاک صورت اور پاک سیرت ہے۔ جس گھر میں رہے مالا مال کر دے۔ جس کے پاس جائے اس کی سب نحوستیں اتار دے۔ تم آپ ہی سوچو کہ جوڑ کے بغیر کوئی چیز اکیلی کس کام کی؟ پھر تم کیوں یہ ادھوری عقل اس قدر ناز سے لئے پھرتے ہو۔ کیا یہ وہی نہیں جو کئی بار دروغ گوئی میں رسوائیاں اٹھا چکی؟ کیا یہ وہی نہیں جس کے سر پر بار بار گرنے سے بڑے بڑے داغ موجود ہیں؟ مجھے بتایئے تو سہی کہ آپ کا جی کس پر بھرما گیا۔ یہ کہاں کی پری آ گئی جس کو دل دے بیٹھے؟ کیا تمہیں خبر نہیں کہ اس نے تم سے پہلے کتنوں کا لہو پیا۔ کتنوں کو گمراہی کے کنوئیں میں دھکیل کر مارا۔ تم جیسے کئی یاروں کو کھا چکی۔ صد ہا لاشیں ٹھکانے لگا چکی۔ ......

پھر اس منہ اور اس لیاقت کے ساتھ ربانی الہام سے انکار کرنا اور آپ ہی خدا کا قائم مقام بن بیٹھنا اور حضرات مقدسین انبیاء کو اہل غرض سمجھنا یہ آپ لوگوں کی نیک طینتی ہے۔ اور اس سے دھوکا مت کھانا کہ عقل ایک عمدہ چیز ہے۔ ہم ہر یک تحقیق عقل ہی کے ذریعے سے کرتے ہیں۔ بلاشبہ عمدہ چیز ہے۔ لیکن اس کا جوہر تب ہی ظاہر ہوتا ہے جب وہ اپنے جوڑ کے ساتھ شامل ہو۔''

(براہین احمدیہ حصہ سوم، روحانی خزائن جلد ۱ صفحہ ۱۶۹-۱۷۱ حاشیہ نمبر ۱۱)

ضرورت اس بات کی ہے ہم نہ ہی موجودہ زمانہ کی ترقیات کی چکا چوندھ میں الہام کے منکر بن کر اپنی عقل کو ہی سب سمجھنے والے ہوں اور نہ ہی عقل کو طاق پر رکھ کر کٹر نام نہاد مذہبی لوگوں کی طرح بننے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں الہام اور عقل کے اس جوڑ کو سمجھنے والا بنائے۔ آمین۔

قبولیت دعا کے 7 اصول

اوّل

جس مقصد کے لئے دعا کی جائے وہ نیک ہو۔ایسے نہیں کہ چور چوری کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو وہ بھی قبول کر لی جائے گی۔ خدا کا نام لے کر اور اس کی استعانت طلب کر کے جو دعا کی جائے گی لازماً ایسے ہی کام کے متعلق ہوگی جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات بندہ کے ساتھ شریک ہوسکتی ہو۔ میں نے بہت لوگوں کو دیکھا ہے وہ لوگوں کی تباہی اور بربادی کی دعائیں کرتے ہیں اور پھر شکایت کرتے ہیں کہ دعا قبول نہیں ہوئی بعض لوگوں نے جھوٹا جامہ زہد و انتقاء کا پہن رکھا ہے اور ناجائز امور کے لئے تعویذ دیتے اور دعائیں کرتے ہیں حالانکہ یہ سب دعائیں اور تعویذ عاملوں کے منہ پر مارے جاتے ہیں۔

دوم

دوسرا اصل الحمد للہ رب العالمین میں بتایا ہے یعنی دعا ایسی ہو کہ اس کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے دوسرے بندوں کا بلکہ سب دنیا کا فائدہ ہو یا کم از کم ان کا نقصان نہ ہو اور اس کے قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ کی حمد ثابت ہوتی ہے اور اس پر کسی قسم کا الزام نہ آتا ہو۔

سوم

تیسرے یہ کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو جنبش دی گئی ہو اور اس دعا کے قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ کی صفت رحمانیت ظاہر ہوتی ہو۔

چھارم

چوتھے یہ کہ اس دعا کا تعلق اللہ تعالیٰ کی صفت رحمیت سے بھی ہو یعنی وہ نیکی کی ایک ایسی بنیاد اسلامی عبادات اور مسجد میں ڈالتی ہو جس کا اثر دنیا پر ایک لمبے عرصہ تک رہے اور جس کی وجہ سے نیک اور شریف لوگ متواتر فوائد حاصل کریں۔ یا کم سے کم ان کے راستہ میں کوئی روک نہ پیدا ہوتی ہو۔

پنجم

پانچویں یہ کہ دعا میں اللہ تعالیٰ کی صفت ملک یوم الدین کا بھی خیال رکھا گیا ہو یعنی دعا کرتے وقت ان ظاہری ذرائع کو نظر انداز نہ کر دیا گیا ہو جو صحیح نتائج پیدا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے تجویز کئے ہیں کیونکہ وہ سامان بھی اللہ تعالیٰ نے ہی بنائے ہیں اور اس کے بنائے ہوئے طریق کو چھوڑ کر اس سے مدد مانگنا ایک غیر معقول بات ہے۔ گویا جہاں تک وہ موجود ہوں یا ان کا مہیا کرنا دعا کرنے والے کے لئے ممکن ہو ان کا استعمال بھی دعا کے وقت ضروری ہے۔

ششم

چھٹا اصل یہ بتایا ہے کہ ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ سے کامل تعلق ہو اور اس سے کامل اخلاص حاصل ہو اور وہ شرک اور مشرکانہ خیالات سے کلی طور پر پاک ہو۔

ہفتم

اور ساتویں بات یہ بتائی ہے کہ وہ خدا کا ہی ہو چکا ہو اور اس کا کامل توکل حاصل ہو اور غیر اللہ سے اس کی نظر بالکل ہٹ جائے اور وہ اس مقام پر پہنچ جائے کہ خواہ کچھ ہو جائے اور کوئی بھی تکلیف ہو مانگوں گا تو خدا تعالیٰ ہی سے مانگوں گا۔

(تفسیر کبیر جلد اول صفحہ ۶،۵)

گوشہ ادب

''مولانا جلال الدین رومی''

مولانا جلال الدین رومی ایران کے سب سے بڑے صوفی شاعر تھے۔ وہ 604 ہجری میں ایران کے شہر بلخ (موجودہ افغانستان) میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد بہاؤالدین ولد اپنے زمانے کے بہت بڑے عارفوں اور عالموں میں شمار ہوتے تھے۔
617 ہجری کے قریب جلال الدین نے اپنے والد کے ہمراہ بلخ سے ہجرت کی اور حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوئے۔ راستے میں نیشا پور میں انہوں نے صوفی بزرگ شیخ فرید الدین عطار کی زیارت کی جنہوں نے جلال الدین کو اپنے سینے سے لگا کر دعا دی اور اپنی مثنوی " اسرار نامہ " بھی تحفے میں دی۔ اور برملا عطارؒ نے کہا کہ یہ بچہ جلد ہی دنیا کے آتش شوق کو مزید بھڑکائے گا۔ حج بیت اللہ سے مشرف ہونے کے بعد جلال الدین اپنے والد کے ساتھ مختلف شہروں میں قیام کرتے رہے اور بالآخر قونیہ (ترکی) پہنچے۔
628 ہجری میں جب جلال الدین باپ کے سائے سے محروم ہو گئے تو ان کے ایک شاگرد سید برہان الدین کی سرپرستی سے نو سال تک فیض یاب ہوتے رہے۔ اس کے بعد انہوں نے شام اور دمشق وغیرہ مقامات کا سفر اختیار کیا اور علوم وتصوف میں کمال مہارت حاصل کر لی۔ پھر وہ قونیہ لوٹ آئے اور یہیں پر کئی سالوں تک تعلیم و تدریس میں مشغول رہے۔ اسی دوران ایک بہت بڑے صوفی پیر شمس الدین تبریزی سے ان کی ملاقات ہوگئی۔
شمش الدین تبریزی کی ذات میں ایک زبردست کشش، سانس میں گرمی اور بیان میں غیر معمولی تاثیر تھی، ایک شہر سے دوسرے شہر تک راہ پیمائی کر کے درویشوں، عارفوں اور صاحب راز لوگوں سے راہ ورسم پیدا کرنا ان کا شیوہ تھا، اس غرض سے وہ جلال الدین کی تلاش میں قونیہ بھی تشریف لائے تھے۔ چنانچہ ایک ہی نظر میں انہوں نے جلال الدین کے دل میں عشق حقیقی کا شعلہ بھڑکا دیا۔
آخری عمر تک جلال الدین ان کو اپنا روحانی پیشوا اور مرشد مانتے رہے۔ انہوں نے جس ادب اور احترام کے ساتھ اپنے اشعار و اقوال میں شمس تبریزی سے اپنے آپ کو نسبت دی ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی صحبت نے ان کے دل پر کتنا گہرا اثر قائم کیا تھا مولانا جلال الدین رومی ایک مدت تک اس عارف سوختہ کی رفاقت میں اپنی آتش عشق کو شعلہ ور بناتے رہے۔
مولانا رومی نے ان مراحل سے گزرنے کے بعد ایک انتہائی طویل مثنوی تخلیق کی ہے۔ جو ان کے افکار کا گراں بہا ثمرہ ہے۔ یہ مثنوی، مثنوی مولانا روم کے نام سے مشہور ہے اور فارسی زبان میں تصوف کا مکمل ترین دیوان ہے۔ اس میں 26 ہزار اشعار ہیں جو چھ دفتروں میں قلم بند کیے گئے ہیں۔
فارسی زبان میں فردوسی کو داستانی اور رزمیہ شاعری کا استاد مانا جاتا ہے۔ خیام کو حکیمانہ رباعی کا ماہر تسلیم کیا جاتا ہے۔ نظامی کو بزمیہ اور عشقیہ داستان کا استاد کہا جاتا ہے اور حافظ کو عرفانی غزل کا آقا سمجھا جاتا ہے تو مولانا روم کو عرفانی مثنوی میں یکتا تصور کیا جاتا ہے۔
مولانا رومی کی تصانیف میں اس مثنوی کے علاوہ غزلیات کا مجموعہ اور نثر میں ایک کتاب " فیہ مافیہ " شامل ہیں۔ غزلیات کا مجموعہ دیوان شمس تبریزی کے نام سے بھی جمع کیا گیا ہے۔ اس دیوان میں 30 ہزار اشعار ہیں جو ان کے محبوب مرشد شمس تبریزی کے نام منسوب ہیں" فیہ مافیہ " مولانا کے اقوال کا مجموعہ ہے جو عرفان سے متعلق ہیں۔ چند خطوط اور مقالات بھی مولانا کی تصانیف میں شامل ہیں۔ مولانا جلال الدین رومی ترکی کے شہر قونیہ میں دفن ہیں۔ ان کا مزار، ''سبز گنبد'' (Green Dome) کے نام سے مشہور ہے اور لاکھوں سیاحوں اور عقیدت مندوں کی توجہ کا مرکز ہے۔

بنیادی مسائل کے جوابات

(امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے پوچھے جانے والے بنیادی مسائل پر مبنی سوالات کے بصیرت افروز جوابات

سوال: قرآن کریم کی حافظہ ایک بچی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں استفسار بھجوایا کہ کیا میرے والد صاحب میری اقتداء میں نماز تراویح ادا کر سکتے ہیں؟ اور اگر نماز میں قرآن کریم کی تلاوت کا آغاز کرنا ہو تو کیا پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دوبارہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۃ البقرۃ کی قراءت شروع کی جائے گی؟ نیز یہ کہ جہری نمازوں میں سورتوں کی قراءت سے قبل بِسمِ اللہ بھی اونچی آواز میں پڑھنی چاہیئے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مؤرخہ 25 جولائی 2021ء میں اس سوال کے جواب میں درج ذیل ہدایات عطا فرمائیں۔حضور انور نے فرمایا:

جواب: اسلام نے نماز باجماعت کی فرضیت صرف مردوں پر عائد فرمائی ہے اور عورتوں کا باجماعت نماز ادا کرنا محض نفلی حیثیت قرار دیا ہے۔اس لئے مردوں کی موجودگی میں کوئی عورت نماز باجماعت میں ان کی امام نہیں بن سکتی۔آنحضور ﷺ اور آپ کے بعد خلفائے راشدین نے کبھی کسی عورت کو مردوں کا امام مقرر نہیں فرمایا۔اسی طرح اس زمانہ کے حکم وعدل حضرت مسیح موعود علیہ السلام بھی جب کبھی کسی علالت کی وجہ سے گھر پر نماز ادا فرماتے تو باوجود علالت کے نماز کی امامت خود کراتے۔پس نفل نماز ہو یا فرض، اگر کسی جگہ پر مرد اور عورتیں دونوں موجود ہوں تو نماز باجماعت کی صورت میں نماز کا امام مرد ہی ہو گا۔

2. نماز کے دوران قرآن کریم کی تلاوت آغاز سے شروع کرتے وقت بھی طریق یہی ہے کہ نماز میں پڑھی جانے والی سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۃ البقرۃ کی تلاوت شروع کی جائے گی، دوبارہ سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی جائے گی۔البتہ فقہاء نے اس بات کی اجازت دی ہے کہ قرآن کریم ختم کرنے کی صورت میں اگر کوئی شخص نماز میں سورۃ الناس کے بعد دوبارہ قرآن کریم کا کچھ ابتدائی حصہ پڑھنا چاہے تو وہ سورۃ فاتحہ سے آغاز کرسکتا ہے اور اس کے بعد سورۃ البقرۃ کا بھی کچھ حصہ پڑھ سکتا ہے، اس میں کچھ حرج کی بات نہیں لیکن ابتداء میں سورۃ فاتحہ کا تکرار بعض فقہاء کے نزدیک موجب سجدہ سہو ہے۔

3. نماز میں سورۃ کی تلاوت شروع کرنے سے قبل بسم اللہ بلند آواز میں پڑھنا یا آہستہ پڑھنا ہر دو طریق درست اور رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہیں۔چنانچہ حضرت انس بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ ا، حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان سب کے پیچھے نماز پڑھی ہے لیکن ان میں سے کسی ایک کو بھی میں نے بسم اللہ بالجہر پڑھتے نہیں سنا۔(صحیح مسلم کتاب الصلاۃ باب حجۃ من قال لا یجھر بالبسملۃ) نعیم بن المجر روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرۃ" کی امامت میں نماز پڑھی، انہوں نے بسم اللہ اونچی آواز میں تلاوت کی پھر سورۃ فاتحہ پڑھی۔پھر جب غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ پر پہنچے تو انہوں نے آمین کہی تو لوگوں نے بھی آمین کہی۔ جب آپ سجدہ میں جاتے تو اللّٰہُ اَکۡبَر کہتے اور جب دو رکعت پڑھ کر اٹھتے تو اللّٰہُ اَکۡبَر کہتے۔ پھر جب آپ نے سلام پھیرا تو کہا مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں نماز کے معاملہ میں تم میں سے سب زیادہ آنحضرت اکی نماز سے مشابہ ہوں۔ (یعنی میری نماز حضورم کی نماز سے مشابہ ہے) (سنن نسائی کتاب الافتتاح باب قرأۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم)

حضرت ابو ہریرۃ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ و سلم بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ جہر اپڑھا کرتے تھے۔(المستدرک للحاکم کتاب الامامۃ وصلاۃ الجماعۃ باب التامین) حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بِسۡمِ اللہ جہراً اور آہستہ پڑھنا ہر دو طرح جائز ہے۔ ہمارے حضرت مولوی عبد الکریم صاحب (اللھم اغفرہ وارحمہ) جو شیلی طبیعت رکھتے تھے۔ بِسۡمِ اللہ جہرا پڑھا کرتے تھے۔ حضرت مرزا صاحب جہراً نہ جہراً نہ پڑھتے تھے۔ ایسا ہی میں بھی آہستہ پڑھتا ہوں۔ صحابہ میں ہر دو قسم کے گروہ ہیں۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ کسی طرح کوئی پڑھے اس پر جھگڑا نہ کرو۔ ایسا ہی آمین کا معاملہ ہے ہر دو طرح جائز ہے۔ بعض جگہ یہود اور عیسائیوں کو مسلمانوں کا آمین پڑھنا بُرا لگتا تھا تو صحابہ خوب اونچی پڑھتے تھے۔ مجھے ہر دو طرح مزا آتا ہے۔ کوئی اونچا پڑھے یا آہستہ پڑھے۔

(بدر نمبر 32 جلد 11، 23 مئی 1912ء صفحہ 3)

حضرت میاں عبد اللہ صاحب سنوری روایت کرتے ہیں۔ میں نے حضرت صاحب کو کبھی رفع یدین کرتے یا آمین بالجہر کہتے نہیں سنا اور نہ کبھی بِسۡمِ اللّٰہِ بالجہر پڑھتے سنا ہے۔ خاکسار (حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب۔ ناقل) عرض کرتا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا طریق عمل وہی تھا جو میاں عبد اللہ صاحب نے بیان کیا لیکن ہم احمدیوں میں حضرت صاحب کے زمانہ میں بھی اور آپ کے بعد بھی یہ طریق عمل رہا ہے کہ ان باتوں میں کوئی ایک دوسرے پر گرفت نہیں کرتا۔ بعض آمین بالجہر کہتے ہیں بعض نہیں کہتے۔ بعض رفع یدین کرتے ہیں اکثر نہیں کرتے۔ بعض بسم اللہ بالجہر پڑھتے ہیں اکثر نہیں پڑھتے اور حضرت صاحب فرماتے تھے کہ دراصل یہ تمام طریق آنحضرت اسے ثابت ہیں مگر جس طریق پر آنحضرت انے کثرت کے ساتھ عمل کیا وہ وہی طریق ہے جس پر خود حضرت صاحب کا عمل تھا۔ (سیرۃ المھدی جلد اول صفحہ 147 148 روایت نمبر 154، مطبوعہ فروری 2008ء)

(قسط نمبر 40 ،الفضل انٹرنیشنل 23 ستمبر 2022ء صفحہ 11)

سوال: ایک طالبعلم نے عرض کیا کہ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ کیا ہے؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس سوال کے جواب میں فرمایا:

جواب: اللہ کی عبادت کرو۔ اللہ تعالیٰ نے بتا دیا کہ میں نے انسان کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِیَعۡبُدُوۡنِ۔ اور اپنی پیدائش کا جو حق ہے وہ ادا کرو۔ پہلی بات تو اللہ تعالیٰ نے فرمائی ایمان بالغیب۔ ایمان بالغیب کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ ، نمازیں قائم کرو۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے نماز قائم کرو، تو دوسری اہم چیز عبادت ہے۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد نمازوں کی ادائیگی ہے۔ پھر آنحضرت اللہ اعلم نے فرمایا کہ نماز میں انسان جب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کے سب سے قریب ہوتا ہے۔ اس لئے سجدہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنا قرب عطا کرے۔ جو تم سے مانگتا ہوں وہ دولت تمہیں تو ہو۔ اللہ سے کہو جو دولت میں تجھ سے مانگ رہا ہوں وہ تم ہی

ہو۔ مجھے پیسہ نہیں چاہیئے، مجھے دنیا نہیں چاہیے۔ مجھے تیرا قرب چاہیئے۔ اور جب تیرا قرب مل جائے گا تو دنیا کی دولت بھی میری لونڈی بن جائے گی، میری غلام بن جائے گی اور دنیا کی سہولتیں بھی میری غلام بن جائیں گی۔ اور میری روحانیت بھی بڑھ جائے گی۔ تو پھر سجدہ میں دعا کیا کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنا قرب عطا کرے۔

(قسط نمبر 24، الفضل انٹرنیشنل 03 دسمبر 2021ء صفحہ 11)

سوال: اردن سے ایک دوست نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں استفسار بھجوائے کہ کیا نظروں سے اوجھل ہر چیز جن ہوتی ہے اور کیا ابلیس اور فرشتے بھی جن ہو سکتے ہیں؟ کیا احمدی عفریت کے وجود پر یقین رکھتے ہیں؟ ہم نے پڑھا ہے کہ آنے والے مہدی آخری زمانہ میں ظاہر ہوں گے، کیا ہم واقعی آخری زمانہ میں رہ رہے ہیں؟ کیا ہم اللہ تعالیٰ کی یا حضرت محمد ﷺ یا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی قسم کھا سکتے ہیں؟

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مکتوب مؤرخہ 10 فروری 2022ء میں ان سوالات کے درج ذیل جوابات عطا فرمائے۔ حضور انور نے فرمایا:

جواب: باقی جہاں تک قسم کھانے کا معاملہ ہے تو ایک تو بلاوجہ قسمیں نہیں کھانی چاہئیں۔ اور اگر ضرورت ہو اور قسم کھانے والا حق پر ہو تو وہ صرف خدا تعالیٰ کی قسم کھا سکتا ہے۔ کسی انسان کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے انسان کی قسم کھائے۔ حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لَا تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ وَلَا بِأُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْأَنْدَادِ وَلَا تَحْلِفُوا إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْلِفُوا بِاللّٰهِ إِلَّا وَأَنْتُمْ صَادِقُونَ (سنن ابی داؤد کتاب الایمان والنذور) یعنی اپنے باپوں اور اپنی ماؤں اور بتوں کی قسم مت کھاؤ۔ بلکہ اللہ کے سوا کسی کی بھی قسم مت کھاؤ اور اللہ کی قسم بھی صرف اس صورت میں کھاؤ جب تم سچے ہو۔

(قسط نمبر 52، الفضل انٹرنیشنل 8 اپریل 2023ء صفحہ 4)

سوال: ایک خاتون نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تصنیف ”توضیح مرام“ کے حوالہ سے فرشتوں کے چاند، سورج اور ستاروں پر اثر ڈالنے، ان اجسام کے انسانوں پر اثر ڈالنے، اور فرشتوں کے جسمانی طور پر زمین پر اترنے کے بارہ میں حضور انور سے رہنمائی چاہی ہے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے مکتوب مورخہ 22 جولائی 2019ء میں اس کا درج ذیل جواب عطا فرمایا۔ حضور نے فرمایا:

جواب:

